
# خلاصہ تراویح

بچوں اور بڑوں سب ہی کے لیے

پارہ 4

اپریل 2022



از: ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی




صدارتی ایوارڈ یافتہ ادیب ڈاکٹر محمد اسمٰعیل بدایونی کی بچوں کے لیے لکھی گئی دلچسپ کہانیاں،

منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے 03082462723* فہیم بھائی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ٹرنگ۔۔۔ٹرنگ۔۔۔۔سعدیہ بیٹا دیکھو موبائل مسلسل بج رہا ہے کس کا فون ہے ؟

سعدیہ نے فون دیکھا تو رابعہ آنٹی کا نام لکھا ہوا آرہا ہے۔

مما!رابعہ آنٹی کی کال ہے امریکہ سے۔۔۔

اچھا ریسیو کرو۔۔۔مما جانی نے کہا۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !کیسی ہیں رابعہ آنٹی!

سعد بھائی کہاں ہیں ؟طلحہ نے پوچھا۔

بس ابھی اسکول سے آئے ہیں۔۔۔۔سعدیہ نے بتایا۔

سعد!!!سعد!!!طلحہ کا فون ہے۔

بس ایک منٹ میں آیا۔۔۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیسے ہو طلحہ ؟

الحمدللہ !آپ سنائیے!

الحمدللہ علی کل حال

روزے، نماز، تراویح کیسے جارہے ہیں۔۔۔سعد نے پوچھا۔

الحمدللہ !اللہ تعالیٰ کا بہت شکر اور احسان ہے کہ اس نے روزے رکھنے اور سجدہ کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے۔

طلحہ !رمضان کا مہینہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے۔۔۔یہ نیکیوں کا

موسم ہے اس میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرنی چاہییں اس ایک مہینے کی ریاضت انسان کی شخصیت کو سنوار دیتی ہے اور یہ وہ مہینہ جس میں قرآن نازل کیا گیالہذا کوشش کیجیے کہ قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھیں کہ ہمارا رب ہم سے کیا فرمارہا ہے۔۔۔ہمارے ہاں تو علامہ صاحب درسِ قرآن دیتے ہیں اور ان دنوں تو تراویح سے پہلے خلاصہ تراویح بھی بیان کیا جاتا ہے۔

جی سعد بھائی! لیکن یہاں ہمارے ہاں اسلامک سینٹر میں تو خلاصہ تراویح نہیں ہوتا۔۔۔ ہونا تو چاہیے لیکن آپ خود قرآن کریم کا ترجمہ و تفسیر پڑھ سکتے ہیں اب کل ہمارے ہاں چوتھے پارے کا خلاصہ بیان کیا گیا۔۔۔

سعد بھائی کچھ بتائیے کہ علامہ صاحب نے کیا بتایا کہ چوتھے پارے میں ہمارا رب ہم سے کیا فرمارہا ہے۔

جی ہاں طلحہ! میں وہی آپ کو بتانے جارہاہوں چوتھے پارے کا آغاز ہی اس پیغام سے ہو رہاہے

**اللہ کی راہ میں پیاری چیز خرچ کرو:** ”تم ہرگز بھلائی کو نہیں پاسکو گے جب تک راہِ خدا میں اپنی پیاری چیز خرچ نہ کرو“

اب وہ چاہے مال ہو۔۔۔ جسم و جاں ہو۔۔۔ منصب ہو۔۔۔ سب اس میں داخل ہیں۔

**بیت اللہ:** پھر اسی پارے میں بیت اللہ کے حوالے بتایا گیا کہ وہ زمین پر پہلا گھر تھا جو عبادت لوگوں کی عبادت کے لیے بنایا گیا”بیشک سب سے پہلا گھر جو لوگوں کی عبادت کے لئے بنایا گیا وہ ہے جو مکہ میں ہے برکت والا ہے اور سارے جہان والوں کے لئے

ہدایت ہے"

**فرضیتِ حج:** اس پارے میں ان لوگوں پر جو حج کرنے کی استطاعت رکھتے ہیں ان پر حج فرض ہوا۔

**فرقہ واریت:** آج مسلمانوں کی دنیا فرقہ واریت، لسانیت اور آپس میں لڑائی جھگڑوں کا شکار ہے اس بارے میں قرآن نے ہماری رہنمائی کی "وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا ۖ اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی کے ساتھ تھام لو اور آپس میں تفرقہ مت ڈالو"

اس آیت کے بارے میں بتایئے؟ سعد بھائی!

**یہودی کیسے لڑاتے تھے مسلمانوں کو آپس میں:** طلحہ! آپ تو جانتے ہی ہیں کہ مدینے میں اوس و خزرج دو بھائی تھے ان کی اولادیں انھی قبائل کے نام سے مشہور ہو گئیں نبی کریم ﷺ کی آمد سے قبل یہودی انہیں آپس میں لڑاتے اپنا اسلحہ انہیں بیچتے ۔۔۔جب اللہ کے نبی ﷺ مدینے میں جلوہ افروز ہوئے تو آپ ﷺ کی برکت سے یہ دونوں قبیلے آپس میں بھائی بھائی بن گئے ،یہودیوں کا اسلحہ فروخت ہونا بند ہو گیا ،اوس و خزرج کا بچہ بوڑھا، جوان، خواتین سب ہی حضور ﷺ کی محبت سے سرشار ہو گئے ۔۔۔۔ان حالات میں ایک یہودی شاس بن قیس نے مسلمانوں کو آپس میں لڑانے کے لیے ان کے درمیان جنگ بعث کا ذکر چھیڑ دیا(اور اس زمانے میں جب وہ آپس میں ایک دوسرے کے دشمن تھے )اوس و خزرج نے جو اشعار کہے تھے ایک دوسرے کے خلاف تھے وہ سنائے، سوئے ہوئے جذبات پھر بھڑک اٹھے اور ایک

مرتبہ پھر جنگ کی بھٹی کو گرم کرنے کی کوشش کی گئی۔اس وقت یہ آیت نازل ہوئی۔

جزاک اللہ خیر اسعد بھائی! آپ نے تو مجھے آج بہت ساری اہم باتیں بتائیں۔۔۔ طلحہ نے کہا۔

اچھا سعد! چوتھے پارے میں ہمیں اور کیا کیا تعلیم دی گئی؟ رابعہ آنٹی نے پوچھا۔

آنٹی! ہمیں چوتھے پارے میں ہمیں یہ بھی بتایا گیا کہ

1. نیکی کا حکم دیتے ہیں برائی سے روکتے ہیں، نیکیوں میں جلدی کرتے ہیں۔
2. غصے کو پی جاتے ہیں۔۔۔
3. درگزر کرتے ہیں۔۔۔
4. گناہ ہو جائے اپنی جان پر ظلم کر بیٹھیں تو فوراً ہی اللہ کا ذکر کرنے لگتے ہیں اور نہایت عاجزی سے اللہ تعالیٰ کے حضور توبہ کرنے لگ جاتے ہیں۔۔۔۔
5. زمین کی سیر کرو اور دیکھو کہ کیا انجام ہوا جنہوں نے دعوت حق کو جھٹلایا۔۔۔۔
6. بخل کرنے والوں کو ان کے مال کا طوق پہنایا جائے گا۔۔۔
7. اللہ تعالیٰ بہترین کارساز ہے۔۔۔۔
8. شیطان ڈراتا ہے اپنے دوستوں سے اگر مومن ہو تو اللہ ہی سے ڈرو۔۔۔
9. بخیل کی مذمت بیان کی کہ انہیں طوق پہنایا جائے اس مال کا جس میں انہوں نے بخل کیا۔۔۔۔
10. جو دوزخ سے نجات پا گیا اور جنت میں داخل ہو گیا وہ کامیاب ہو گیا۔۔۔

11. جان اور مال سے آزمائش ہو گی۔۔۔۔

12. صبر کرنا اور تقویٰ اختیار کرنا ہمت کے کام ہیں۔۔۔۔

13. کہو تو درست بات کہو۔۔۔

14. اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔۔۔

15. اللہ تعالیٰ نیکو کاروں سے محبت کرتا ہے۔۔۔

16. دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کا سامان ہے۔

17. اپنا رازدار غیروں کو مت بناؤ۔۔۔

18. ہرگز گمان نہ کرو ان لوگوں کو جو اپنے اعمال پر خوش ہوتے ہیں اور پسند کرتے ہیں کہ ان کی ایسے کاموں پر تعریف کی جائے جو انہوں نے کئے ہی نہیں

اس پارے میں غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوۂ حمراء الاسد کا بھی ذکر ہوا

**مسلمانوں کے عروج کا پاسورڈ:** مسلمانوں کے عروج کے لیے ایک واحد کلیہ بھی اسی میں دیا گیا یوں کہہ لیجیے کے مسلمانوں کو عروج کا پاسورڈ بتا دیا گیا۔۔۔

عروج کا پاسورڈ؟ سعدیہ نے سعد کی جانب دیکھتے ہوئے کہا: ہاں! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ(۱۳۹) اور نہ ہمت ہارو اور غم کرو اور تمہیں سربلند رہو گے اگر تم سچے مومن ہو۔

**زوال کا وائرس:** اور زوال کے وائرس کے بارے میں بھی بتا دیا۔

زوال کا وائرس؟ طلحہ نے سوال کیا۔

ہاں زوال کا وائرس! فرمایا:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِیْعُوا الَّذِیْنَ كَفَرُوْا یَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ (۱۴۹) اے ایمان والو! اگر پیروی کروگے تم کافروں کی تو وہ پھیر دیں گے تمہیں الٹے پاؤں (کفر کی طرف) تو تم لوٹے گے نقصان اٹھاتے ہوئے۔

اب ہمیں دیکھنا چاہیے ہم کہاں کہاں کافروں کی پیروی کر رہے ہیں؟

کیا کافروں کی اس اندھی نقالی کے بعد ہمیں عروج مل رہا ہے یا دن بدن ہم زوال پذیر ہی ہو رہے ہیں؟

بالکل! کافروں کی پیروی زوال کا وائرس ہی ہے۔۔ طلحہ نے کہا۔

شہداء زندہ ہیں: اس پارے میں شہداء کے بارے میں فرمایا: اور جو اللہ کی راہ میں شہید کئے گئے ہر گز انہیں مردہ خیال نہ کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں، انہیں رزق دیا جاتا ہے۔

بس ہم شہداء کو زندہ ہی خیال کرتے ہیں کیونکہ ہمارے رب نے فرمایا۔۔۔ وہ زندہ ہیں اور ہم انہیں مردہ خیال نہیں کرتے کیونکہ ہمارے رب نے تاکیداً فرمایا عقل تسلیم کرے یا نہ کرے ہم عقل کے غلام نہیں ہیں ہم تو اللہ و رسول ﷺ کے بندے و غلام ہیں اور اللہ ہی کا فرمان سچا ہے۔

بھئی ماشاء اللہ سعد میاں! تم نے تو ماشاء اللہ بہت خوب درسِ تراویح سیکھ لیا اور اس درس کے نکات بھی یاد کر لیے ۔۔۔ رابعہ آنٹی نے تعریفی جملوں کے ساتھ سعد کی حوصلہ افزائی کی۔

بس آنٹی یہ تو اللہ تعالیٰ کا فضل و کرم ہے کہ اس نے قرآن کریم کو سیکھنے اور سمجھنے کی توفیق عطا فرمائی یہ تو علم کا ایک سمندر بس کچھ علم کے موتی علماء کرام نے لٹائے تو ہم نے بھی ان کی صحبت میں بیٹھ کر چن لیے۔۔۔ سعد نے سعادت مندی سے کہا۔

اچھا سعد بھائی! چوتھے پارے میں سورہ آل عمران ختم ہو رہی اور سورہ نساء کا آغاز ہو رہا ہے اور لفظ نساء کے معنی کیا ہیں؟ طلحہ نے سوال کیا۔

اور اس سورت میں ہمیں کیا تعلیم دی جا رہی ہے؟ سعدیہ نے پوچھا۔

نساء کے معنی ہیں عورت کے اس سورت میں عورتوں سے متعلق احکامات کثرت سے بیان کیے گئے۔ سب سے زیادہ توجہ گھریلو زندگی کو خوشگوار بنانے کے لیے دی گئی۔

درج ذیل احکامات بیان کیے گئے۔

1. یتیم بچوں سے متعلق احکامات دیئے گئے
2. یتیم بچوں کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر کھانے کو بڑا گناہ قرار دیا گیا۔
3. ناسمجھ یتیم بچوں کا مال ان کے حوالے کرنے سے منع کیا گیا۔
4. جب وہ (یتیم) شادی کے قابل اور سمجھدار ہو جائیں تو ان کا مال ان کے سپرد کر دینے کا حکم دیا گیا۔
5. یتیموں کے مال ناحق کھا جانے پر وعید بیان کی گئی۔
6. عورتوں کا مہر انہیں دینے کا حکم دیا گیا اور مہر سے متعلق چند اور مسائل بیان کئے گئے۔ میراث کے مال میں عورتوں کے باقاعدہ حصے مقرر کئے گئے۔
7. ان عورتوں کا ذکر کیا گیا جن سے نسب، رَضاعت اور مُصاہَرت کی وجہ سے ہمیشہ

کے لئے نکاح حرام ہے اور جن عورتوں سے کسی سبب کی وجہ سے عارضی طور پر نکاح حرام ہے۔

8. ایک سے زیادہ عورتوں کے ساتھ شادی کرنے کے احکام بیان کئے گئے۔

9. نافرمان عورت کی اصلاح کا طریقہ بتایا گیا۔۔

10. توبہ کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ نظر رحمت فرماتا ہے۔

11. ہمیں اس پارے میں یہ بھی بتایا گیا کہ جو نافرمانی کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول ﷺ کی اور تجاوز کرے گا اللہ کی حدوں سے، داخل کرے گا اللہ تعالیٰ آگ میں ہمیشہ رہے گا اس میں اور اس کے لیے عذاب ہے ذلیل والا

اللہ تعالیٰ ہم سب کو قرآن مجید پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے (آمین)

بھئی سعد میاں! آج تو کال کرنے کا مزہ آگیا بھئی ایسی کال تو روزانہ ہونی چاہیے تا کہ ہم سب سیکھ سکیں۔۔۔رابعہ آنٹی نے کہا۔

بالکل! ان شاء اللہ!

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔۔ خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## آج ہم نے کیا سیکھا؟

1. اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیاری چیز خرچ کرنی چاہیے
2. جن پر حج فرض ہے انہیں حج کرنا چاہیے۔
3. اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑنا چاہیے فرقہ واریت اسلام کے لیے زہر قاتل ہے اور دشمن اسی طرح ہمیں لڑاتا ہے جیسے عہد رسالت میں یہودیوں نے مسلمانوں کو لڑانے کی سازش کی۔
4. نیکی کا حکم دینا چاہیے برائی سے روکنا چاہیے اور نیکی میں جلدی کرنا چاہیے
5. غصے کو پی جانا چاہیے

19. درگزر کرنا چاہیے
20. گناہ ہو جائے اپنی جان پر ظلم کر بیٹھیں تو فوراً ہی اللہ کا ذکر کرنا چاہیے اور توبہ کرن اچاہیے
21. دعوت حق کو جھٹلانے والوں کے انجام پر نظر رکھنی چاہیے
22. کنجوسی سے اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے بخل کرنے والوں کو ان کے مال کا طوق پہنایا جائے گا۔۔
23. اللہ تعالیٰ بہترین کارساز ہے۔۔۔
24. شیطان ڈراتا ہے اپنے دوستوں سے شیطان سے نہیں ڈرنا چاہیے کیونکہ مومن اللہ ہی سے ڈرتا ہے
25. جو دوزخ سے نجات پا گیا اور جنت میں داخل ہو گیا وہ کامیاب ہو گیا۔۔

26. جان اور مال سے آزمائش ہو گی۔۔۔۔

27. صبر کرنا اور تقویٰ اختیار کرنا ہمت کے کام ہیں۔۔۔۔

28. کہو تو درست بات کہو۔۔۔

29. اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں سے محبت کرتا ہے۔۔۔

30. اللہ تعالیٰ نیکو کاروں سے محبت کرتا ہے۔۔۔

31. دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کا سامان ہے۔

32. اپنا رازدار غیروں کو مت بناؤ۔۔۔

33. ہر گز گمان نہ کرو ان لوگوں کو جو اپنے اعمال پر خوش ہوتے ہیں اور پسند کرتے ہیں کہ ان کی ایسے کاموں پر تعریف کی جائے جو انہوں نے کئے ہی نہیں

34. مسلمان اگر مسلمان ہے تو کامیاب ہو جائے گا

35. کافروں کی پیروی کی مسلمان زوال پذیر ہو جائیں گے۔

36. شہید زندہ ہیں۔

37. یتیم بچوں کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر کھانے کو بڑا گناہ قرار دیا گیا۔

38. ناسمجھ یتیم بچوں کا مال ان کے حوالے کرنے سے منع کیا گیا۔

39. جب وہ (یتیم) شادی کے قابل اور سمجھدار ہو جائیں تو ان کا مال ان کے سپرد کر دینے کا حکم دیا گیا۔

40. یتیموں کے مال ناحق کھا جانے پر وعید بیان کی گئی۔

41. توبہ کرنے والوں پر اللہ تعالیٰ نظر رحمت فرماتا ہے۔

42. ہمیں اس پارے میں یہ بھی بتایا گیا کہ جو نافرمانی کرے گا اللہ کی اور اس کے رسول ﷺ کی اور تجاوز کرے گا اللہ کی حدوں سے، داخل کرے گا اللہ تعالیٰ آگ میں ہمیشہ رہے گا اس میں اور اس کے لیے عذاب ہے ذلیل والا

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں خیر عطا فرمائے۔۔۔۔خیر کی کثرت فرمائے اور خیر تقسیم کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

**آپ سے التماس ہے کہ میری اور میرے والدین کی مغفرت کی دعا ضرور کیجیے گا**

نوٹ: خلاصۃ تراویح کے حوالے سے آپ براہ راست واٹس اپ نمبر پر رابطہ کر سکتے ہیں +923322463260

کیا آپ چاہتے ہیں آپ کے بچوں کی تربیت ہو؟

اگر ہاں! تو یہ کتابیں بچوں کی تربیت کے لیے بہترین کتابیں ہیں۔

روزہ کشائی میں بچوں کو یہ کتابیں دیجیے۔

اس رمضان ان کتب کو اپنے بچوں کو پڑھائیے۔

معتکفین میں تقسیم کیجیے۔

| کتاب | جلدیں | قیمت | خصوصی رعائیت<br>صرف رمضان تک |
|---|---|---|---|
| سنہری فہم القرآن | 4 | 1700 | 1500 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2000 | 2300 | 6 | سنہری صحاح ستہ |
| 1500 | 1700 | 4 | سنہری سیرت النبی |

**یہ آفر صرف 30 رمضان تک کے لیے ہے گھر بیٹھے منگوانے کے لیے رابطہ کیجیے: 03082462723**